FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING FOUNDATION
10-MAUVE AREA, G-10/4
ISLAMABAD
****

No.11(4)/2008-HF(A)/136 November 26th, 2015

Subject: **JOINT SESSION OF 136TH MEETING OF THE EXECUTIVE COMMITTEE/ 7TH STEERING COMMITTEE FOR G-13 OF FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING FOUNDATION HELD ON 05-11-2015 AT 1100 HOURS**

The Joint session of 136th meeting of the Executive Committee / 7th Steering Committee for G-13 of Federal Government Employees Housing Foundation was held on **05-11-2015 at 1100 hours** in the Committee Room of Federal Government Employees Housing Foundation, Islamabad.

2. The minutes of the said meeting are enclosed for kind information / record.

Encl: As above

(Dr. Muhammad Iqbal Khan Durrani)
Company Secretary / Director (Admn)
Tel: 051-9106063

EXECUTIVE COMMITTEE

1. Mr. Shahrukh Ahmad,
Chief Executive / Secretary,
M/o Housing & Works, Islamabad

2. Dr. Amir Ahmad,
Additional Secretary-I,
Ministry of Interior, Islamabad

3. Mr. Marsoof Afzal,
Chairman,
Capital Development Authority,
Islamabad

4. Mr. Zulfiqar Haider,
Chief Commissioner,
ICT, Islamabad

5. Mr. Muhammad Ilyas,
Managing Director,
PHA Foundation, Islamabad

6. Mr. Akhtar Jan Wazir,
Senior Joint Secretary,
M/o Housing & Works, Islamabad

7. Mr. Iftikharuddin Ahmed,
Joint Secretary,
Cabinet Division, Islamabad

8. Mr. Ruhail Muhammad Baloch,
Financial Advisor,
M/o Housing & Works, Islamabad

9. Mr. Tarik Jamil,
Director General,
National Housing Authority, Islamabad

10. Ch. Anwar
Chief (Physical Planning & Housing),
Planning Commission, Islamabad

11. Mr. A. R. Zaidi
Chief Finance and Accounts Officer,
M/o Housing & Works, Islamabad

12. Mr. Ali Akbar Sheikh,
Director General PMD,
Pak, PWD/NLC, Islamabad

13. Muhammad Jamil Khan,
Deputy Secretary,
M/o Housing & Works, Islamabad

14. Mr. Faqir Muhammad,
Joint Engineering Advisor,
M/o Housing & Works, Islamabad

Despatcher : R & I Section
M/o Housing and Works
Islamabad

DESPATCHER
R&I, CDA (Sect)
ISLAMABAD
MORNING

STEERING COMMITTEE

1. Mr. Shahrukh Arbab,
   Chief Executive / Secretary,
   M/o Housing & Works, Islamabad

2. Mr. Abdul Qayyum,
   Joint Secretary (Grievances Cell),
   Prime Minister Secretariat,
   Islamabad

3. Mr. Ruhail Muhammad Baloch,
   Financial Advisor,
   M/o Housing & Works, Islamabad

4. Dr. Amir Ahmad,
   Additional Secretary-I,
   Ministry of Interior, Islamabad

5. Mr. Faqir Muhammad,
   Joint Engineering Advisor,
   M/o Housing & Works, Islamabad

6. Mr. Waseem Ahmad Khan,
   Member Planning
   Capital Development Authority,
   Islamabad

17/11/15 02:00pm

DESPATCHER R&I CDA (Sectt) ISLAMABAD 2 MORNING

CC:

1. P.S. to Federal Minister for Housing & Works, Islamabad.
2. P.S. to Director General, FGE Housing Foundation, Islamabad.
3. All Directors, FGE Housing Foundation, Islamabad.

FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING FOUNDATION
10-MAUVE AREA, G-10/4
ISLAMABAD
****

No.11(4)/2008-HF(A)/136 November 26th, 2015

Subject: **JOINT SESSION OF 136TH MEETING OF THE EXECUTIVE COMMITTEE/ 7TH STEERING COMMITTEE FOR G-13 OF FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING FOUNDATION HELD ON 05-11-2015 AT 1100 HOURS**

The Joint session of 136th meeting of the Executive Committee / 7th Steering Committee for G-13 of Federal Government Employees Housing Foundation was held on **05-11-2015 at 1100 hours** in the Committee Room of Federal Government Employees Housing Foundation, Islamabad.

2. The minutes of the said meeting are enclosed for kind information / record.

Encl: As above

(Dr. Muhammad Iqbal Khan Durrani)
Company Secretary / Director (Admn)
Tel: 051-9106063

EXECUTIVE COMMITTEE

1. Mr. Shahrukh Arbab,
Chief Executive / Secretary,
M/o Housing & Works, Islamabad

2. Dr. Amir Ahmad,
Additional Secretary-I,
Ministry of Interior, Islamabad

3. Mr. Maroof Afzal,
Chairman,
Capital Development Authority,
Islamabad

4. Mr. Zulfiqar Haider,
Chief Commissioner,
ICT, Islamabad

5. Mr. Muhammad Ilyas,
Managing Director,
PHA Foundation, Islamabad

6. Mr. Akhtar Jan Wazir,
Senior Joint Secretary,
M/o Housing & Works, Islamabad

7. Mr. Iftikharuddin Ahmed,
Joint Secretary,
Cabinet Division, Islamabad

8. Mr. Ruhail Muhammad Baloch,
Financial Advisor,
M/o Housing & Works, Islamabad

9. Mr. Tarik Jamil,
Director General,
National Housing Authority, Islamabad

10. Ch. Anwar
Chief (Physical Planning & Housing),
Planning Commission, Islamabad

11. Mr. A. R. Zaidi
Chief Finance and Accounts Officer,
M/o Housing & Works, Islamabad

12. Mr. Ali Akbar Sheikh,
Director General/MD,
Pak, PWD/NCL, Islamabad

13. Muhammad Jamil Khan,
Deputy Secretary,
M/o Housing & Works, Islamabad

14. Mr. Faqir Muhammad,
Joint Engineering Advisor,
M/o Housing & Works, Islamabad

STEERING COMMITTEE

1. Mr. Shahrukh Arbab,
   Chief Executive / Secretary,
   M/o Housing & Works, Islamabad

2. Mr. Abdul Qayyum,
   Joint Secretary (Grievances Cell),
   Prime Minister Secretariat,
   Islamabad

3. Mr. Ruhail Muhammad Baloch,
   Financial Advisor,
   M/o Housing & Works, Islamabad

4. Dr. Amir Ahmad,
   Additional Secretary-I,
   Ministry of Interior, Islamabad

5. Mr. Faqir Muhammad,
   Joint Engineering Advisor,
   M/o Housing & Works, Islamabad

6. Mr. Waseem Ahmad Khan,
   Member Planning,
   Capital Development Authority,
   Islamabad

CC:

1. P.S. to Federal Minister for Housing & Works, Islamabad.
2. P.S. to Director General, FGE Housing Foundation, Islamabad.
3. All Directors, FGE Housing Foundation, Islamabad.

C/L.

1- Director. G. 30/11/15

2- Director - A → (A) 30/11

3- Director - F 30/11/15

4- Director - E 30/11/15

5- Director T

6- Director Coord 30/11/15

7- Director J-V-P (I) 30-11-15

8- Director law 30.11.15

9-

FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING FOUNDATION
10-MAUVE AREA, G-10/4
ISLAMABAD
****

No.11(4)/2008-HF(A)/136

November 26th, 2015

Subject: **JOINT SESSION OF 136TH MEETING OF THE EXECUTIVE COMMITTEE/ 7TH STEERING COMMITTEE FOR G-13 OF FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING FOUNDATION HELD ON 05-11-2015 AT 1100 HOURS**

The Joint session of 136th meeting of the Executive Committee / 7th Steering Committee for G-13 of Federal Government Employees Housing Foundation was held on **05-11-2015 at 1100 hours** in the Committee Room of Federal Government Employees Housing Foundation, Islamabad.

2. The minutes of the said meeting are enclosed for kind information / record.

Encl: As above

(Dr. Muhammad Iqbal Khan Durrani)
Company Secretary / Director (Admn)
Tel: 051-9106063

EXECUTIVE COMMITTEE

1. Mr. Shahrukh Arbab,
Chief Executive / Secretary,
M/o Housing & Works, Islamabad

2. Dr. Amir Ahmad,
Additional Secretary-I,
Ministry of Interior, Islamabad

3. Mr. Maroof Afzal,
Chairman,
Capital Development Authority,
Islamabad

4. Mr. Zulfiqar Haider,
Chief Commissioner,
ICT, Islamabad

5. Mr. Muhammad Ilyas,
Managing Director,
PHA Foundation, Islamabad

6. Mr. Akhtar Jan Wazir,
Senior Joint Secretary,
M/o Housing & Works, Islamabad

7. Mr. Iftikharuddin Ahmed,
Joint Secretary,
Cabinet Division, Islamabad

8. Mr. Ruhail Muhammad Baloch,
Financial Advisor,
M/o Housing & Works, Islamabad

9. Mr. Tarik Jamil,
Director General,
National Housing Authority, Islamabad

10. Ch. Anwar
Chief (Physical Planning & Housing),
Planning Commission, Islamabad

11. Mr. A. R. Zaidi
Chief Finance and Accounts Officer,
M/o Housing & Works, Islamabad

12. Mr. Ali Akbar Sheikh,
Director General/MD,
Pak, PWD/NCL, Islamabad

13. Muhammad Jamil Khan,
Deputy Secretary,
M/o Housing & Works, Islamabad

14. Mr. Faqir Muhammad,
Joint Engineering Advisor,
M/o Housing & Works, Islamabad

STEERING COMMITTEE

1. Mr. Shahrukh Arbab,
   Chief Executive / Secretary,
   M/o Housing & Works, Islamabad

2. Mr. Abdul Qayyum,
   Joint Secretary (Grievances Cell),
   Prime Minister Secretariat,
   Islamabad

3. Mr. Ruhail Muhammad Baloch,
   Financial Advisor,
   M/o Housing & Works, Islamabad

4. Dr. Amir Ahmad,
   Additional Secretary-I,
   Ministry of Interior, Islamabad

5. Mr. Faqir Muhammad,
   Joint Engineering Advisor,
   M/o Housing & Works, Islamabad

6. Mr. Waseem Ahmad Khan,
   Member Planning,
   Capital Development Authority,
   Islamabad

CC:

1. P.S. to Federal Minister for Housing & Works, Islamabad.
2. P.S. to Director General, FGE Housing Foundation, Islamabad.
3. All Directors, FGE Housing Foundation, Islamabad.

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ فاؤنڈیشن

10-ماؤایریا، جی-10/4، اسلام آباد

عنوان: **136 ویں ایگزیکٹو کمیٹی اور 7 ویں اسٹیرنگ کمیٹی منعقدہ مورخہ 5 نومبر 2015 کی کارروائی اور فیصلہ جات**

136 ویں ایگزیکٹو کمیٹی اور 7 ویں اسٹیرنگ کمیٹی برائے سیکٹر جی-13، کا مشترکہ اجلاس مورخہ 5 نومبر 2015 کو منعقد ہوا۔ جس کی صدارت جناب شاہ رخ ارباب، چیف ایگزیکٹو/سیکرٹری ہاوسنگ و ورکس نے کی۔ اس اجلاس میں ایگزیکٹو کمیٹی اور اسٹیرنگ کمیٹی کے جن ممبران نے شرکت کی ان کی تفصیل ضمیمہ-الف میں لف ہے۔ اس اجلاس میں جو ایجنڈے پیش ہوئے اور ان پر جو فیصلے ہوئے ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

ایجنڈا نمبر 1

عنوان: **ایگزیکٹو کمیٹی کی 135 میٹنگ کے لکھے گئے فیصلہ جات کی توثیق اور اس پر عملدرآمد کی صورتحال**

ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے ایگزیکٹو کمیٹی کے سامنے 135 ویں اجلاس کے لکھے گئے فیصلے توثیق کیلئے پیش کیے اس کے ساتھ ساتھ ان فیصلہ جات پر عمل درآمد کی صورت حال سے بھی ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کیا گیا تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	ایجنڈا آئٹم	بورڈ کا فیصلہ	عمل درآمد کی صورتحال
1	جی۔ 13 مرکز کے تجارتی پلاٹ اور سی ٹائپ فلیٹ کی نیلامی	ایگزیکٹو کمیٹی اور سٹیرنگ کمیٹی نے متفقہ طور پر منظوری دی کہ:۔ 1۔ رقم کی ادائیگی کے اوقات 3 مہینے سے بڑھا کر ایک سال کر دیے جائیں۔ جس کا فیصلہ نیلامی کمیٹی (آکشن کمیٹی) نے نیلامی کی جگہ پر مورخہ 28-07-2015 کو کیا تھا۔ جی۔ 13 مرکز کے ایک تجارتی پلاٹ نمبر 24 بی، غربی طرف اور 9 فلیٹس جی۔ 3/11 میں نیلامی کی منظوری دی	کامیاب بولی دہندگان کو منظوری کے خطوط جاری کر دیئے گئے ہیں۔ رقم کی ادائیگی کا جدول بھی خطوط کے ساتھ ارسال کر دیا گیا ہے۔ بعض ممبران نے اجلاس منعقد ہونے کے بعد نیلامی کے بارے میں اپنے اختلافی نوٹ بھجوائے جو کہ ایگزیکٹو کمیٹی کے سامنے پیش کیئے جاتے ہیں۔
		2۔ یہ فیصلہ کیا گیا کہ پچھلی نیلامیوں کی تمام تفصیل بعد از منظوری کیلئے سٹیرنگ کمیٹی کے سامنے پیش کی جائے۔	وزیر اعظم دفتر کے جوائنٹ سیکریٹری کو پچھلی بولیوں کی تفصیل اور سٹیرنگ کمیٹی کے اجلاسوں کے فیصلہ جات ارسال کر دیئے ہیں۔
		3۔ یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ فاؤنڈیشن کی ایگزیکٹو کمیٹی اور سٹیرنگ کمیٹی کے ایک دوسرے کے ملتے جلتے اختیارات کے متعلق وزیر اعظم کا فیصلہ لیا جائے۔	سمری زیرِ تکمیل ہے۔

2	وفاقی ملازمین کیلئے بہارہ کہو ہاوسنگ سکیم	ایگزیکٹو کمیٹی نے متفقہ فیصلہ کیا کہ میسرز نیسپاک اور میسرز ڈیزائن مین مشترکہ منصوبہ کی دوبارہ ڈیزائن اور منصوبہ بندی کر کے ایک ماہ کے اندر نیا خاکہ (لے آوٹ پلان) ایگزیکٹو کمیٹی کی منظوری کیلئے پیش کریں۔	اس فیصلے کی روشنی میں میسرز گرین ٹری نے سکیم کا نیا خاکہ بنا لیا ہے جو کہ میسرز نیسپاک کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ایگزیکٹو کمیٹی کو مطمئن کرنے کیلئے دونوں کنسلٹنٹس کو بلا لیا گیا ہے اور اس سے متعلقہ ایک علیحدہ ایجنڈا اسی اجلاس میں پیش کیا جا رہا ہے۔
3	ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی تین مستقل آسامیوں کی تنظیم نو	ایگزیکٹو کمیٹی کی تجویز کے مطابق تین آسامیوں کی تنظیم نو کی منظوری دے دی۔	تنظیم نو کے بارے میں ایگزیکٹو کمیٹی کے فیصلے کی روشنی میں ان آسامیوں پر تعیناتی کا کام جاری ہے۔
4	ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے ملازمین کیلئے تنخواہی مراعات میں اضافہ کی تجویز	ایگزیکٹو کمیٹی نے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے ملازمین کیلئے تنخواہی مراعات میں اضافہ کا کیس اپنی مالیاتی سب کمیٹی کو تفویض کر دیا اور کہا کہ وہ ایگزیکٹو کمیٹی کے سامنے اپنی تجاویز پیش کرے۔	مالیاتی سب کمیٹی کو کیس جلد ارسال کیا جائے گا تاکہ مالیاتی کمیٹی کا اجلاس بلایا جا سکے۔
5	صحافی اور ابلاغی کارکنوں کے کوٹے	ایگزیکٹو کمیٹی نے صحافیوں اور ابلاغ عامہ کے کارکنان کی ممبر شپ کیلئے تاریخ میں توسیع کی	صحافی اور ابلاغی کارکنوں نے توسیع شدہ تاریخوں کے اندر

	کیلئے اہلیت کا طریقہ کار / معیار	منظوری دیتے ہوئے وزارتِ اطلاعات ونشریات اور ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی تجویز کردہ اہلیت کے معیار کی منظوری دے دی، ایگزیکٹو کمیٹی نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ وفاقی حکومت کے ملازمین کی طرز پر صحافی اور ابلاغی کارکنوں کیلئے بھی مندرجہ ذیل معیار ہو گا کہ درخواست دہندہ کو اسلام آباد / راولپنڈی میں سی ڈی اے یا کسی بھی سرکاری ادارے سے کوئی بھی پلاٹ نہ ملا ہو۔	اپنی ممبر شپ حاصل کر لی ہیں اور انکی فہرستیں بنائی جا رہی ہیں۔
6	وفاقی حکومت کے خود مختار اداروں کے 2 فیصد ریٹائرڈ کوٹہ کی اہلیت میں غلطی کی تصحیح	انتظامی کمیٹی نے ٹائپ شدہ غلطی جو کہ 133 ویں اجلاس کے فیصلے میں ہوئی کی تصحیح کی منظوری دے دی۔ اس فقرے کو تبدیل کر کے خود مختار اداروں کے ریٹائرڈ کوٹہ کو اس طرح پڑھا جائے "وہ لوگ جو 01-07-2009 سے پہلے ریٹائرڈ ہوئے"۔	بارہ کہو سکیم کے ہدایاتی کتابچہ میں مطلوبہ غلطی کی تصحیح کر دی گئی ہے۔
7	سیکٹر جی۔13 اور سب سیکٹر جی۔ 4/14 میں کوڑا کرکٹ کو اکٹھا کرنے کے اخراجات کی وصولی	ایگزیکٹو کمیٹی نے کوڑا کرکٹ کو اکٹھا کرنے کے اخراجات کی وصولی کے نرخوں کی منظوری فوری تاریخوں سے دے دی۔	کوڑا کرکٹ اکٹھا کرنے کے اخراجات کی وصولی کا کام منظور شدہ نرخوں کے مطابق شروع کر دیا گیا ہے۔

8	سیکٹر جی۔13 کے 2 پلاٹوں کی مطلوبہ چوڑائی میں کمی اور اس کیلئے اضافی زمین کی فراہمی	ایگزیکٹو کمیٹی نے مندرجہ ذیل کمیٹی تشکیل دی کہ وہ اس معاملے کی پوری جانچ کرے اور اگلے اجلاس میں اپنی سفارشات پیش کرے۔ 1۔ڈائریکٹر (ٹیکنیکل)، چیئرمین 2۔ڈائریکٹر (اسٹیٹ)، رکن 3۔ نمائندہ (سی ڈی اے)، رکن	کمیٹی نے جائے وقوع کا تفصیلی معائنہ کیا ہے اور اپنی رپورٹ مرتب کر رہی ہے۔

فیصلہ

الف۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے ۱۳۵ویں اجلاس کے فیصلہ جات کی توثیق کر دی۔

ب۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے ہدایات دی کہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اپنے آنے والے منصوبوں کو مدِ نظر رکھ کر ٹیکنیکل اور فنانس ونگ کو اور مضبوط کرے تاکہ ان منصوبوں کو بر وقت اور صحیح انداز سے مکمل کیا جا سکے۔

ج۔ مالیاتی سب کمیٹی کو کیس جلد ارسال کیا جائے تاکہ اجلاس جلد از جلد منعقد کیا جائے اور ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کی سفارشات ایگزیکٹو کمیٹی کے اگلے اجلاس میں پیش کی جائیں۔

د۔ سیکٹر جی۔ ۱۳ میں کوڑا کرکٹ اور دوسرے اخراجات کی مد میں سی ڈی اے کے چارجز کے مطابق سیکٹر کے رہائشیوں کو بلِ بھیجے جائیں۔

ر. انتظامی کمیٹی نے ہدایات دیں کہ اگر کوئی ممبر انتظامی کمیٹی کے کسی فیصلے سے اختلاف رکھتا ہے تو وہ اجلاس کے دوران اپنا اختلافی نوٹ لکھوائے۔ فیصلہ جات کے لکھے جانے کے بعد اگر کوئی ممبر اختلافی نوٹ بھیجتا ہے۔ جس کی بابت اس نے میٹنگ کے دوران بات نہیں کی تو ایسا اختلافی نوٹ قبول نہیں کیا جائے گا۔

ایجنڈا نمبر 2

عنوان: ایس-ای-سی-پی قواعد وضوابط پر بریفنگ

2. ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کیا کہ حال ہی میں وزارت ہاؤسنگ اور تعمیرات کی طرف سے ایک خط موصول ہوا ہے جس میں اس چیز پر ناراضگی کا اظہار کیا گیا ہے کہ ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران کے نقطہ نظر کو فیصلہ جات کے لکھے جانے کے وقت صحیح طریقے سے نہیں بیان کیا جاتا۔ جس کی مد میں مختلف اجلاسوں کے متعلق وزارت کو ممبران کی طرف سے اختلافی نوٹ موصول ہوتے ہیں۔ اس خط کے متعلق اظہار کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے وضاحت کی کہ فیصلہ جات لکھے جانے کے وقت بہت زیادہ احتیاط کی جاتی ہے اور لکھے گئے فیصلہ جات کا موازنہ ڈائریکٹر جنرل، وائس چیئر مین اور چیئر مین ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے گئے نوٹس کے ساتھ کیا جاتا ہے علاوہ ازیں وزارت ہاؤسنگ وورکس بھی اپنے طریقہ کار کے تحت ان فیصلہ جات کا جائزہ لیتی ہے۔ تاہم یہ امر قابل افسوس ہے کہ ایسے اختلافی نوٹ بھی موصول ہوتے ہیں جس چیز کے متعلق ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے دوران

کوئی بات نہیں کی گئی ہوتی۔ درست فیصلہ جات لکھے جانے کے لیے ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی کاروائی کی ویڈیو ریکارڈنگ بھی کی جاتی ہے۔

3. اس لئے یہ ضروری ہے کہ اس امر کا جائزہ لیا جائے کہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی کاروائی کے متعلق SECP نے کیا ہدایات دی ہیں اسکے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ یہ دیکھا جائے کہ BOD کی ساخت، اختیارات، کارروائی کا طریقہ کار اور اسی سے جڑی دوسری چیزوں پر قانونی پوزیشن کیا ہے۔

4. اس سلسلے میں ڈائریکٹر کوآرڈینیشن نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ SECP نے اس سلسلے میں پبلک سیکٹر کمپنیز (کارپوریٹ گورننس) رولز ۲۰۱۳ء میں جاری کئے اور اسکے ساتھ ہی گائڈلائینز بھی جاری کیں۔ جس کے تحت ہر پبلک سیکٹر کمپنی کو SECP میں رپورٹ جمع کرانی ہوتی ہے۔ SECP کارپوریٹ گورننس کے چیدہ چیدہ نقاط یہ ہیں۔

۱۔ یہ قوانین تمام حکومتی کمپنیوں بشمول سیکشن 42 کے تحت رجسٹرڈ کمپنیوں پر لاگو ہیں

۲۔ بورڈ آزاد ممبران، ایگزیکٹو ممبران اور نان ایگزیکٹو ممبران پر مشتمل ہو گا۔

۳۔ چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو کا دفتر علیحدہ علیحدہ ہو گا۔

۴۔ بورڈ تمام اختیارات کا سرچشمہ ہو گا۔ اور ایسے ممبران کا تقرر کیا جائے گا جن کے مفادات ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے ساتھ نہ ٹکراتے ہوں۔

۵۔ بورڈ مضبوط انٹرنل کنٹرول کا سسٹم رکھے گا۔

۶۔ بورڈ اپنے ممبران کی وفاداری اور دیانتداری کو خود پرکھے گا۔

۷۔ بورڈ کا کم از کم ایک اجلاس ہر سہ ماہی میں منعقد ہو گا۔ اور اسکا ایجنڈا چیئرمین کی منظوری سے بھیجا جائے گا۔ چیئرمین اس بات کا ذمہ دار ہو گا کہ بورڈ کے فیصلے صحیح لکھے جائیں اور وہ انکی اپنے دستخطوں سے منظوری دے گا۔

۸۔اگر کوئی ممبر محسوس کرتا ہے کہ اجلاس میں اس کی کہی گئی بات صحیح نہیں لکھی گئی تو وہ اپنا اختلافی نوٹ بھیجنے کا اختیار رکھتا ہے

۹۔بورڈ کے سامنے فیصلوں کیلئے تمام ضروری معلومات رکھی جائیں گی۔

۱۰۔بورڈ اپنے ممبران کی کارکردگی کا خود جائزہ لے گا اور اس کے لیے طریقہ کار وضع کرے گا۔

۱۱۔بورڈ کے ممبران کی تربیت کیلئے سال میں کم از کم ایک بار انکی ٹریننگ کرائی جائیگی۔

۱۲۔بورڈ اپنی سہولت کے لئیے مندرجہ ذیل کمیٹیاں قائم کرے گا۔

۱۔آڈٹ کمیٹی

۲۔فنانس کمیٹی

۳۔ایچ آر کمیٹی

۴۔رسک منیجمنٹ کمیٹی

۵۔ٹیکنیکل کمیٹی

6۔نامزدگی کمیٹی

5. ایگزیکٹو کمیٹی نے نوٹ کیا کہ اس سلسلے میں مزید غوروخوض کی ضرورت ہے لہٰذا پہلے مرحلے میں یہ دیکھا جائے کہ دوسری حکومتی کمپنیاں ان قوانین کو نافذ کرنے کے لیے کیا کر رہی ہیں۔

فیصلہ

الف. ایگزیکٹو کمیٹی نے مندرجہ ذیل کمیٹی تشکیل دی جو کہ SECP کارپوریٹ گورننس رولز کے نفاذ کے معاملے کو دیکھے اور اپنی سفارشات

بورڈ کو جمع کرائے۔

۱۔ سینئر جوائینٹ سیکریٹری	(چیئرمین)
۲۔ سی ایف اے او	ممبر
۳۔ ڈائریکٹر (کوارڈینیشن)	ممبر
۴۔ ڈائیریکٹر (لاء)	ممبر
۵۔ SECP کنسلٹنٹ (ایف جی ای ایچ ایف)	ممبر

ب۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے ہدایات دیں کہ کسی بھی ممبر کی اجلاس کے اندر کہی گئی بات اگر فیصلہ حیات کے اندر صحیح بیان نہیں کی گئی تو تب معزز ممبر اپنا اختلافی نوٹ کمپنی سیکریٹری کو بھیجے۔

ایجنڈا نمبر 3

عنوان: سیکٹر جی۔13 اور جی۔14 کی تعمیر نو کا پی سی۔1 اور جی۔13 کے تعمیراتی کام

6. ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) نے ایگزیکٹو کمیٹی کو بتایا کہ ایگزیکٹو کمیٹی کے 133 ویں اجلاس میں آگاہ کیا گیا کہ وفاقی محتسب کے فیصلے مورخہ 11-03-2015 کے تحت سیکٹر جی۔13 اور جی۔14 کے تمام معاملات بشمول سیکٹر کی بحالی، مرمت اور اس سے منسلک سہولیات کا کام سی ڈی اے کی بجائے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن

خود کرے گی۔ مزید براں جی۔ 13 مرکز کے ترقیاتی کام، جی۔ 13 اور جی۔ 14 کی تعمیر و مرمت، جی۔ 14 / 3، 2، 1 کے تعمیراتی کام اور ہاؤسنگ فاؤنڈیشن میں ون ونڈو آپریشن کے قیام کے پی سی۔ 1 بھی ایگزیکٹو کمیٹی کے سامنے منظوری کیلئے پیش کئے گئے۔

7. ایگزیکٹو کمیٹی نے یہ تمام پی سی۔ 1 ڈی ڈبلیو پی کی منظوری کیلئے بھیج دیئے اور ہدایات دی کہ ڈی ڈبلیو پی کی میٹنگ 15 دن کے اندر بلائی جائے۔ اس سلسلے میں ڈی ڈبلیو پی کے دو اجلاس ہوئے۔ ڈی ڈبلیو پی نے اپنے آخری اجلاس مورخہ 13-10-2015 میں جی۔ 13 سیکٹر کے پہلے پی سی۔ 1 کی غیر تکمیلی کا نوٹس لیتے ہوئے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو کہا کہ جی۔ 13 کے پرانے پی سی۔ 1 کی ترتیبِ نو کی جائے اور پی سی۔ 1 کے اندر مرمت کی مد میں رکھے گئے پیسوں سے سیکٹر کے مرمتی کام کئے جائیں۔ دوسرا وہ کام جو پرانے پی سی ۔1 کے اندر دیئے گئے ہیں لیکن تاحال نامکمل ہیں انکو مکمل کیا جائے۔ اس طرح جی۔ 13 کے پرانے پی سی ۔1 پر عمل درآمد کر کے اگر ضرورت پڑے تو پھر نئے کاموں کیلئے ایک نیا پی سی۔ 1 بنایا جائے۔

8. علاوہ ازیں ڈی ڈبلیو پی نے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے ون ونڈو سیل کے پی سی۔ 1 کی منظوری دے دی۔

9. ایگزیکٹو کمیٹی کی طرف سے ایک اعتراض اٹھایا گیا کہ ان پی سی۔ ونز کے خرچے کیلئے بجٹ کہاں سے آئے گا۔ اس نکتے کا جواب دیتے ہوئے ڈائریکٹر فنانس نے کہا کہ اس سلسلے میں بجٹ پہلے ہی منظور ہو چکا ہے اور اس کے اندر اس خرچے کے لیے رقم موجود ہے۔ اس کے علاوہ ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے بورڈ کو آگاہ کیا کہ جی۔ ۱۳ سیکٹر کے کمرشل ایریا کی نیلامی کے ذریعے سے حال ہی میں ایک پلاٹ پینتیس کروڑ میں نیلام ہوا ہے اسکے علاوہ چھٹی نیلامی کے ذریعے اور پلاٹ نیلام کئے جائیں گے تاکہ جی۔ ۱۳ کے ترقیاتی کام مکمل ہو سکیں۔

فیصلہ

الف۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے ون ونڈو سیل کے پی سی ون کی کل رقم جو کہ تقریباً 3.3 ملین روپے بنتی ہے کی منظوری دے دی۔

ب۔ سیکٹر جی۔13 اور سیکٹر جی۔14 کی تعمیر نو اور سیکٹر جی۔13 کے مرکز کے تعمیراتی کام کے پی سی ون ڈی ڈبلیو پی کی میٹنگ میں سات دن کے اندر پیش کیے جائیں۔

ج۔ تعمیراتی کام کے ٹھیکہ جات کی بولیوں کو کھولنے کیلئے متعلقہ تعمیراتی قوانین کے مطابق ضروری کمیٹیوں کے نوٹیفیکیشن کا اجراء کیا جائے۔

ایجنڈا نمبر 4

عنوان: ایف۔14 اور ایف۔15 کی تعمیر و ترقی کی صورتحال:

10. ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کیا کہ وزیرِ اعظم پاکستان نے وفاقی ملازمین کیلئے اسلام آباد کے زون۔1 میں سیکٹر ایف۔14، ایف۔15 کا جی ٹی روڈ تک وہ حصہ جو کہ زون۔1 میں شامل ہے پر مورخہ 01-05-2015 کو وفاقی حکومت کے ملازمین اور دوسرے مخصوص

گروہوں کیلئے ہاؤسنگ سکیم بنانے کی منظوری دے دی۔ انتظامی بورڈ نے اپنے 134 ویں اجلاس میں تفصیلی غور وخوض کے بعد اس بات کا فیصلہ کیا کہ سیکٹر ایف۔14، 15 کے کام کے لیے کھلی بولی کے تحت معیار اور خرچے پر منتخب کرنے کے طریقے (کیو سی بی ایس) کے تحت اخبار میں اشتہار دیا جائے۔ جس کے تحت کوئی بھی سرکاری یا غیر سرکاری کمپنی اس میں حصہ لے سکتی ہو اور اپنی تجاویز جمع کرواسکے۔ علاوہ ازیں سیکٹر ایف۔14 و ایف۔15 کی تعمیر و ترقی کیلئے ای پی سی طریقہ کار پر کنٹریکٹر کا انتخاب کیا جائے۔ اس سلسلے میں ترقیاتی کاموں کی نگرانی اور ان میں تکنیکی معاونت فراہم کرنے کیلئے ایک کنسلٹنٹ کمپنی کو اجرت پے لینے کیلئے بھی اشتہار دے دیا گیا ہے اور ابتدائی طور پر پانچ شہرت یافتہ کمپنیوں کو شارٹ لسٹ کرلیا گیا ہے۔

11. ابتدائی طور پر پانچ کمپنیوں نے تکنیکی جانچ کا مرحلہ عبور کرلیا ہے۔ ان کمپنیوں کے ساتھ بولی سے پہلے اجلاس (پری بڈ میٹنگ) مورخہ 30-09-2015 کو منعقد کی گئی انکے مشاہدات اور اعتراضات کی روشنی میں نظر ثانی شدہ کام کا دائرہ کار مرتب کر کے انکے حوالے کر دیا گیا ہے اور انکو بولی جمع کروانے کیلئے 15 دن مزید دیئے گئے ہیں۔ کنسلٹنٹ کو درج ذیل کام تفویض کئے گئے ہیں:۔

ا. بنیادی نقشہ بنانا۔

ب. کل لاگت کا ابتدائی تخمینہ لگانا۔

ج. ای پی سی ٹھیکیداران کی جانچ کرنا اور اسکو منتخب کرنے میں ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی مدد کرنا۔

د. معاہدہ کی شقوں کا نفاذ کرنا۔

ر. منصوبے کو اس کے دیئے گئے اوقات کے اندر مکمل کروانا۔

س. تعمیراتی کام کی نگرانی کرنا۔

امید ہے کہ کنسلٹنٹ کو منتخب کرنے کا کام تین ہفتوں میں مکمل کر لیا جائے گا۔

12. علاوہ ازیں مورخہ 30 ستمبر 2015 کو ای پی سی ٹھیکیداران کیلئے بولی کے کاغذات ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اور پیرا کی ویب سائٹ پر رکھ دیے گئے ہیں اس وقت تک پانچ کمپنیاں کاغذات حاصل کر چکی ہیں جس کی تفصیل درج ذیل ہیں:

1۔ سپارکو

2۔ سائنوہائڈرو (چائنیز کمپنی)

3۔ ایف ڈبلیو او

4۔ آئی ایس سی جی (چائنیز کمپنی)

5۔ کیلسن

13. اسکے علاوہ کوئی بھی کمپنی ہاوسنگ فاؤنڈیشن کے دفتر سے بولی کے کاغذات بعوض 5000 روپے فیس حاصل کر سکتی ہے۔ بولی کے کاغذات جمع کرانے کی آخری تاریخ 27-11-2015 ہے۔ اس سلسلے میں مختلف کمپنیاں رابطہ کر رہی ہیں اور جگہ کا معائنہ بھی کر رہی ہیں۔ اس سلسلے میں ایک پری بڈ میٹنگ مورخہ 19-10-2015 کو منعقد کی گئی جسمیں اوپر دی گئی پانچ کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

14. ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کیا کہ ای پی سی ماڈل کے تحت سول ورکس میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا ٹھیکہ ہے جو کہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کرنے جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں ابھی تک

مانیٹرنگ ایجنسیوں بشمول پیرا کی طرف سے کوئی اعتراض موصول نہیں ہوا اور ابھی تک کام مقرر کردہ شیڈول کے مطابق چل رہا ہے اور اس سلسلے میں اہداف مقرر کردہ وقت میں حاصل کیے جارہے ہیں۔

15. مزید بیان کیا گیا کہ سروے آف پاکستان کو ان سیکٹرز کی حد بندی کے لئے درخواست کی گئی تھی جس کی ٹیمیں فیلڈ میں اپنا کام کر رہی ہیں۔ سیکٹرز کی حد بندی کے بعد ضلعی انتظامیہ سے درخواست کی جائے گی کہ وہ لینڈ ایکوزیشن ایکٹ 1897 کی شق 17(IV)(6) کے تحت نوٹیفیکیشن کا اجراء کرے۔ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن رابطہ میں ہے جن کا موقف ہے کہ اس کاروائی بشمول قبض الوصول میں دوماہ کا عرصہ لگ سکتا ہے تاہم ان سے گزارش کی گئی ہے کہ اس کام کو کم سے کم عرصے میں مکمل کیا جائے۔

16. ایگزیکٹو کمیٹی نے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی سیکٹر ایف ۱۴۔۱۵ کی تعمیر و ترقی کیلئے کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہدایات دیں کہ کام کو اپنے مقررہ وقت کے اندر مکمل کیا جائے۔

فیصلہ

الف۔ ای پی سی ٹھیکیداران کے ساتھ زیادہ سے زیادہ پری بڈ میٹنگز کی جائیں تاکہ اس پراجیکٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں کوئی قانونی سقم نہ رہ جائے۔

ب۔ متعلقہ اداروں جیسے کہ ضلعی انتظامیہ اور سی ڈی اے وغیرہ، کے ساتھ موثر رابطے میں رہا جائے۔

پ۔ قوانین کے مطابق ای پی سی ٹھیکیدران کی سلیکشن کیلئے درکار کمیٹیوں کو نوٹیفائی کیا جائے۔ جس میں پراجیکٹ کی مخصوص نوعیت کے پیش نظر این ایچ اے، سی ڈی اے اور پی ڈبلیو ڈی کے علاوہ فنانس ڈویژن کے نمائندوں کو شامل کیا جائے۔

ایجنڈا نمبر 5

عنوان: بارہ کہو ہاؤسنگ سکیم کی ترقی کی صورتحال

17. ڈائریکٹر (لاء) نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ ایگزیکٹو کمیٹی نے اپنے 135 ویں اجلاس میں میسرز ڈیزائن مین اور میسرز نیسپاک کو یہ کام تفویض کیا تھا کہ وہ بارہ کہو ہاؤسنگ سکیم (فیز۔6) کا از سر نو مرتب شدہ نقشہ (لے آؤٹ پلان) پر کام کرے اور ایک مہینے کے اندر اندر اپنی سفارشات مرتب کر کے ایگزیکٹو کمیٹی کے سامنے پیش کریں۔

18. ایگزیکٹو کمیٹی کو یہ یاد دلایا گیا کہ قومی احتساب بیورو (نیب) کی کوششوں سے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اور میسرز گرین ٹری کے درمیان ہونے والے اصل معاہدے مورخہ 2009-04-01 میں ترمیم کا مسودہ تیار کیا گیا تا کہ اس رکی ہوئی سکیم کو آگے بڑھایا جا سکے۔

19. اس ترمیم کو ایگزیکٹو کمیٹی کے 135 ویں اجلاس کے اندر پیش کیا گیا تھا جسکی مختلف شقوں کی روشنی میں ایگزیکٹو کمیٹی نے ہدایات دیں کہ میسرز ڈیزائن مین اور میسرز نیسپاک اسکا تمام تکنیکی پہلوؤں سے جائز

ہ لیں اور سی ڈی اے کے قوانین کے مطابق بالخصوص گرین ایریا سے متعلق قواعد و ضوابط کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے نقشے کو از سر نو ترتیب دیا جائے۔

20. اس سلسلے میں کنسلٹنٹ ڈیزائنمین نے از سرِ نو مرتب شدہ نقشہ، اسکے متعلقہ تکنیکی کاغذات اور رپورٹیں ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو جمع کروادیں جو کہ مورخہ 11-09-2015 کو نیسپاک کے حوالے کر دی گئیں اور ان کو ہدایات دی گئیں کہ وہ اس پر دو ہفتوں کے اندر اپنا کام مکمل کر لیں۔ تاکہ ایگزیکٹو کمیٹی کی ہدایات کی روشنی میں کام کو آگے بڑھایا جا سکے۔

21. اس سلسلے میں دونوں کنسلٹنٹ کمپنیوں (میسرز ڈیزائن مین، میسرز نیسپاک) کو آج کے اجلاس میں بلایا گیا تاکہ وہ ایگزیکٹو کمیٹی کو تمام تکنیکی پہلوؤں پر آگاہ کر سکیں۔ تاہم ڈائریکٹر ٹیکنکل نے ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کیا کہ میسرز نیسپاک اپنی سرکاری مصروفیات کہ وجہ سے آج کے اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔

22. ڈائریکٹر ٹیکنیکل نے بورڈ کو مزید آگاہ کیا کہ میسرز نیسپاک نے ابتدائی رپورٹ جمع کرادی ہے اور میسرز گرین ٹری اور ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے درمیان اصل معاہدے میں ترمیم کے مسودے پر بھی اپنے سفارشات دے دی ہیں۔ اس سلسلے میں میسرز گرین ٹری جسکی نمائندگی اسکے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر حفیظ عباسی نے کی، کو بھی بلایا گیا اور انکا موقف سنا گیا۔

23. ڈائریکٹر لا نے بورڈ کو اگاہ کیا کہ اصل معاہدے میں ترمیم کے مسودے کے اندر یہ تجویز کیا گیا ہے کہ 3000 کنال سے اضافی زمین کے اندر موجود کمرشل ایریا اور ایمینیٹی پلاٹس جو کہ ۵ فیصد (150

کنال) سے زیادہ ہیں ان پر میسرز گرین ٹری کا استحقاق ہو گا۔ اسکے علاوہ نئے قابلِ پیمائش اہداف مقرر کر دیئے گئے ہیں جن کے تکمیل کے بعد میسرز گرین ٹری کو رقم کی ادائیگی کر دی جائے گی۔

24. میسرز گرین ٹری اور ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو سننے کے بعد ایگزیکٹو کمیٹی نے نوٹ کیا کہ ابھی تک میسرز گرین ٹری اور ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے درمیان کچھ معاملات میں اختلاف پایا جاتا ہے۔



ایگزیکٹو کمیٹی نے ہدایات دیں کہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن 10 دن کے اندر میسرز گرین ٹری کے ساتھ بات کرے اور ایک قابل عمل حل تجویز کرے اور اسے ایگزیکٹو کمیٹی کے سامنے پیش کرے تاہم ایگزیکٹو کمیٹی یہ حق رکھتی ہے کہ وہ اس کے علاوہ دوسرے ممکنہ حلوں کے اوپر اپنا فیصلہ سنائے

.----------

ایجنڈا نمبر 6

عنوان: افپرو لائف سٹائل ریزیڈنسی جی-13 سکیم کے معاملات

الف۔ افپرو کے باہمی اشتراک کے معاہدے میں تبدیلی:

25. ایگزیکٹو کمیٹی کو بتایا گیا کہ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اور میسرز پروگریسو موٹل اینڈ ریزارٹس کے درمیان باہمی اشتراک کے معاہدے کے تحت افپرو کے نام سے ایک پرائیویٹ کمپنی بنائی گئی جسکو ایس ای سی پی کے ساتھ رجسٹرڈ کیا گیا۔ اس منصوبہ کے تحت وفاقی ملازمین کو تقریباً 3000 فلیٹ دیئے جانے ہیں۔ اس منصوبے پر کام پچھلے چار سال سے رکا ہوا تھا۔ کیونکہ وفاقی ترقیاتی ادارے (سی ڈی اے) کی طرف سے این او سی نہیں مل رہا تھا۔ جسکی بنیادی وجہ پانی کی فراہمی کے متعلق رپورٹ اور بجلی کے گریڈ سٹیشن کے ساتھ بفر زون کا نہ ہونا تھا۔ اس سلسلے میں تمام مطلوبہ اقدامات کے بعد وفاقی ترقیاتی ادارے کے ساتھ معاملہ کو اٹھایا گیا۔ وفاقی ترقیاتی ادارہ کے بورڈ نے باضابطہ طور پر این او سی کی منظوری دے دی ہے جو کہ ایک آڈٹ پیرا کے ساتھ منسلک ہے۔

26. اس آڈٹ پیرا کے مطابق آڈٹ حکام نے یہ اعتراض اٹھایا تھا کہ چونکہ افپرو معاہدہ کے مطابق اسمیں منافع مساوی بنیادوں پر تقسیم ہونا ہے لہذا اسکی این او سی اور ایف اے آر فیس تجارتی بنیادوں پر وصول کی جانی چاہیئں۔ جس کے مطابق ایف اے آر فیس کی مد میں افپرو کمپنی کو اضافی طور پر تقریباً 16 کروڑ روپے مزید دینے پڑ سکتے ہیں۔

27. اس ضمن میں یہ بات قابلِ غور ہے کہ ہاوسنگ فاؤنڈیشن ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے جو کہ بغیر منافع بغیر نقصان پر کام کرتا ہے۔

28. اوپر دی گئی صورتحال کی روشنی میں انپر و بورڈ نے متفقہ طور پر ایک قرارداد منظور کی ہے جسمیں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ باہمی اشتراک کے معاہدے کی شق نمبر 5.3 میں مندرجہ ذیل تبدیلی کی جائے۔

اصل شق:۔

شق نمبر 5.3۔ تقسیم منافع (ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اور پراگریسیو موٹل اینڈ ریزارٹس کی انتظامی فیس کی ادائیگی کے بعد) درج ذیل طریقے سے کیا جائے گا۔

ا. ہاوسنگ فاؤنڈیشن: 50 فیصد

پروگریسیو موٹل اینڈ ریزارٹس: 50 فیصد

تجویز کردہ تبدیلی:

کیونکہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن غیر منافع بخش ادارہ ہونے کے ناطے اپنے میموریںڈم اینڈ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے قانون کے تحت منافع حاصل نہیں کر سکتا۔ چنانچہ فریقین باہمی رضامندی سے شق نمبر 5.3 کو معاہدے میں سے خارج کیا جاتا ہے۔

ب۔ افپرو سکیم کی بحالی کا منصوبہ:

29. اوپر دی گئی صورتحال کے ساتھ ساتھ ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ ایگزیکٹو کمیٹی 132 ویں اجلاس کے فیصلے کی روشنی میں میسرز پروگریسو سے افپرو کمپنی کی تحلیل کے بارے میں مشاورت کی گئی ہے جس نے باہمی تنازع کی وجہ سے ہائی کورٹ سے رجوع کر رکھا ہے اور ایک حکم امتناعی حاصل کر رکھا ہے۔

30. ڈائیریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے بورڈ کو آگاہ کیا کہ اس جے وی ماڈل کے تحت جس میں ایک نئی کمپنی رجسٹرڈ کرائی گئی کے اندر ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی ایگزیکٹو کمیٹی اس پروجیکٹ پر کوئی اختیار نہیں رکھتی کیونکہ ایفپرو کمپنی کا اپنا BOD ہے جو کہ فیصلے کرنے کا مجاز ہے اسلئے اس معاملے کو غور سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔

31. یہ امر قابل غور ہے کہ افپرو نے 10 کروڑ روپے کنسلٹنٹ کو اور 8 کروڑ روپے سی ڈی اے کو ایف اے آر فیس کی مد میں ادا کیے ہوئے ہیں۔ اور پراگریسیو کے فارغ ہونے کی صورت میں ان پر ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو قانونی استحقاق ہو گا جو کہ فاؤنڈیشن کی بچت تصور ہو گا۔ اس لیے میسرز پراگریسیو کو اب تک کی لگائی گئی تمام انوسٹمنٹ بمعہ پریمیم / تمام واجبات کی ادائیگی کی صورت میں 18 کروڑ صرف کنسلٹنٹ اور ایف اے آر کی مد میں واپس وصول ہو جائیں گے۔

32. اس سلسلے میں اس پراجیکٹ کے اندر ہاؤسنگ فاونڈیشن کی زمین جو کہ تقریباً 118 کنال (15 ایکڑ سے زائد ہے) کی قیمت کا ایک عام اندازہ لگایا گیا ہے جو کہ تقریباً 4 کروڑ روپے فی کنال ہے۔ اس طرح اس زمین کی کل مالیت تقریباً پونے 5 ارب روپے سے زائد بنتی ہے۔ اس سلسلے میں اس تجویز پر بھی غور کیا جا

سکتا ہے کہ میسرز پراگریسیو کے ساتھ باہمی مشاورت کے تحت انکو اس پراجیکٹ سے فارغ کر دیا جائے اور باقی حصہ پر فاونڈیشن کھلی بولی کے تحت ڈیزائن اور فلیٹس کی تعمیر کا کام مکمل کرے اور بغیر نفع و نقصان پر سرکاری ملازمین کو الاٹمنٹ کرے۔ مزید براں چونکہ اسلام آباد سیسمیک فالٹ لائن (Seismic Fault Line) کے اوپر موجود ہے اور 14 منزلہ عمارت تعمیر کرنا غیر دانشمندی ہے لہذا اس کو جی+8 منزلہ رکھا جائے۔

33. اس سے نہ صرف قانونی اور مالی پیچیدگیاں احسن طریقے سے حل کی جا سکتی ہیں بلکہ سرکاری ملازمین کو ارزاں نرخوں پر فلیٹس کی فراہمی بھی ممکن بنائی جا سکتی ہے۔

فیصلہ

الف۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے افیر و بورڈ کے فیصلے کی روشنی میں معاہدے کی شق نمبر 5.3 تقسیم منافع کو معاہدے سے خارج کرنے کی توثیق کر دی۔

ب۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے افیر و پروجیکٹ کے کیس کو پرکھنے اور اسکا ایک قابلِ عمل حل تجویز کرنے کے لئیے مندرجہ ذیل کمیٹی تشکیل دی جو کہ اپنی سفارشات ایگزیکٹو کمیٹی کو پیش کرے گی۔

ایس جے ایس (چیرمین)

ایف اے (ورکس) (ممبر)

ڈائریکٹر فنانس (ایچ-ایف) (ممبر)

ڈائریکٹر ٹیکنیکل (ایچ-ایف) (ممبر)

ڈائریکٹر لاء (ایچ-ایف) (ممبر)

ایجنڈا نمبر 7

عنوان: **جی۔13 مرکز کے کمرشل پلاٹس کی نیلامی، ایولیوشن رپورٹ اور نیلامی کیلئے ہدایاتی کتابچہ (بروشر) کی منظوری**

34. ڈائریکٹر (اسٹیٹ) نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ جی۔13 مرکز اور بازاروں میں موجود کمرشل پلاٹس کی پانچویں نیلامی مورخہ 28-07-2015 کو منعقد ہوئی اسمیں ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو بہت اچھا ردِ عمل ملا۔ مرکز کا ایک پلاٹ تین لاکھ پچیس ہزار فی مربع گز کے حساب سے فروخت ہوا۔ اسکے علاوہ سیکٹر جی۔11 میں موجود نیلامی کیلئے پیش کیا گئے تمام 9 سی ٹائپ اپارٹمنٹ اچھے نرخوں پر نیلام ہو گئے۔

35. ڈائیریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے مزید بتایا کہ وزیر اعظم کی منظوری کے بعد ہاوسنگ فاؤنڈیشن نے اپنی زمین کی ملکیت جو کہ 2014 میں 3000 کنال تھی سے بڑھا کر 2015 میں 27366 کنال کر لی ہے جبکہ 17376 کنال زمین کے حصول کی درخواست ایل اے سی کے پاس پڑی ہے۔ اس صورتحال کے باوجود جس طرح فاؤنڈیشن کے ممبران کی تعداد بڑھ رہی ہے تو یہ زمین بھی منصوبوں کیلئے ناکافی

ہو گی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ فاؤنڈیشن کے پاس جمع رقم موجودہ اور مستقبل کے منصوبوں / زمینوں کی خریداری کیلئے خطرناک حد تک ناکافی ہے لہذا اس امر کی ضرورت ہے کہ اپنے موجودہ اثاثوں سے زیادہ سے زیادہ رقم حاصل کی جائے۔

36. وزیر اعظم پاکستان کی مختلف سکیموں کی منظوری کے بعد اور ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی کوششوں سے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی زیرِ ملکیت زمینوں کا رقبہ تقریباً 50000 کنال تک پہنچ گیا ہے ان زمینوں میں بھی تجارتی پلاٹ / مراکز موجود ہیں۔ اس وقت ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے تجارتی پلاٹ / مراکز سیکٹر جی۔ 13، جی۔ 14، ماؤایریا جی۔ 13 / 4، اسلام آباد اور کچھ اثاثے کراچی کے مونو گوٹھ اور گلزارِ ہجری میں موجود ہیں۔ اصولی طور پر فاؤنڈیشن اپنے ان تمام اثاثوں کو نیلام کرتی ہے۔

37. اثاثوں کی قیمت کا تخمینہ لگانے کیلئے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے پیرا رولز (PPRA Rules) کے مطابق میسرز سورول کا انتخاب کیا جو کہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر اچھی ساکھ کی حامل ہے۔ میسرز سورول نے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے جی۔ 13 میں موجود اثاثے اور جی۔ 11 میں فلیٹس کی مارکیٹ ریٹ کے مطابق قیمتوں کا ایک تخمینہ لگایا اور ہاؤسنگ فاونڈیشن کو ایک تفصیلی رپورٹ جمع کرادی۔ اس ایولیوایشن رپورٹ کی روشنی میں ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے پانچویں نیلامی مورخہ 28-07-2015 کو منعقد کی جسکا اچھا ردِ عمل دیکھنے میں آیا۔

38. گزشتہ نیلامی کے دوران آکشن کمیٹی نے موقع کی ضروریات کے لحاظ کچھ فیصلے کئے جنکی توثیق انتظامی کمیٹی نے اپنے 135 ویں اجلاس میں کر دی۔ اس کے علاوہ بروشر کی چھپوائی کے دوران سی ڈی اے کے منظور شدہ کچھ پلاننگ پیرامیٹرز چھپنے سے رہ گئے تاہم ایگزیٹو کمیٹی کے فیصلے کی روشنی میں ان پلاننگ

پیرامیٹرز کو نیلامی سے پہلے تمام شرکاء کے سامنے تفصیلاً پیش کیا گیا اور ان پیرامیٹرز کی روشنی میں ہی نیلامی کو منعقد کیا گیا۔ اوپر دی گئی صورتحال کے تحت چھٹی نیلامی کے بروشر میں مطلوبہ تبدیلی کر دی گئی۔

39. مزید براں سیکٹر جی۔11 میں سی ڈی اے کیلئے مختص کئے گئے 96 اپارٹمنٹس کے بارے میں تفصیلاً خط و کتابت اور اعلیٰ سطحی اجلاسوں کے فیصلے کی روشنی میں مناسب ہے کہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن 96 اپارٹمنٹس کو نیلامی کے تحت فروخت کر کے سی ڈی اے کے ساتھ ساتھ اپنے مالیاتی حساب طے کر لے۔ تاکہ فیز۔5 میں ممکنہ مالیاتی خسارے کا تدارک کیا جا سکے۔

40. ممبر پلاننگ سی ڈی اے نے سیٹرنگ کمیٹی کی نمائندگی کرتے ہوئے کہا کہ نیلامی کی صورت میں سی ڈی اے سے فرسٹ رائٹ آف رفیوزل کی پیشکش کا جواب لے لیا جائے۔ علاوہ ازیں یہ نقطہ بھی زیرِ بحث آیا کہ پلاٹ کی آخری نیلامی کی قیمت یا ایویلویٹر (Evaluator) کی تخمینہ لگائی گئی قیمت کے مطابق نیلام کئے جائیں۔ اس پر ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کیا گیا کہ ان پلاٹس کے سائز اور محل وقوع کو پلاٹ کی قیمت مقرر کرنے میں بہت بڑا ہاتھ ہے۔ اسی لئے ایویلویشن رپورٹ کے اندر ہر پلاٹ کا ریٹ مختلف آیا ہے۔ اس لئے یہ مناسب ہو گا کہ ایویلوایشن رپورٹ کے تحت ہی پلاٹس کی نیلامی کی جائے۔

41. ایگزیکٹو کمیٹی کو تجویز پیش کی گئی کہ میسرز سورول کی ایویلوایشن رپورٹ کی روشنی میں ترمیم شدہ بروشر میں دئے گئے قواعد و ضوابط کے تحت چھٹی نیلامی منعقد کرنے کی اجازت دے دی جائے جسمیں جی۔13 سیکٹر کے (مرکز، بازار) کے تمام کمرشل پلاٹ اور سیکٹر جی۔11 کے 8 سی ٹائپ اپارٹمنٹ پر مشتمل ایک بلاک نیلامی کیلئے پیش کئے جائیں۔

ایگزیکٹو کمیٹی اور سٹیرنگ کمیٹی برائے سیکٹر جی-13 نے مشترکہ طور پر میسرز سورول کی ایویلوایشن رپورٹ کی روشنی میں ترمیم شدہ بروشر میں دیئے گئے قواعد و ضوابط کے تحت چھٹی نیلامی منعقد کرنے کی اجازت دے دی۔ اور اس بات کی بھی منظوری دی کہ اس میں جی۔13 سیکٹر (مرکز، بازار) کے تمام کمرشل پلاٹ اور سیکٹر جی۔11 کے 8 سی ٹائپ اپارٹمنٹ پر مشتمل ایک بلاک نیلامی کیلئے پیش کئے جائیں۔

ایجنڈا نمبر 8

عنوان: زمین کی ملکیت کی بڑھوتی (لینڈ بینک) کیلئے باہمی اشتراک کی پالیسی

42. ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے اجلاس کو آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کمپنی آرڈیننس 1984 کے تحت وزارتِ ہاؤسنگ کے اندر کام کر رہی ہے۔ جسکا مقصد بغیر چھت کے وفاقی گورنمنٹ ملازمین اور دوسرے مخصوص گروہوں کو "بغیر نفع و نقصان" کی بنیاد پر چھت مہیا کرنا ہے۔ اس وقت تقریباً 32000 ملازمین ممبرشپ کے پہلے مرحلے (فیز-1) میں رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جبکہ 45000 سے زیادہ لوگ دوسرے مرحلے (فیز-2) میں عمر کی بنیاد پر رجسٹریشن کروا چکے ہے۔

43. وزیر اعظم کی منظوری کے بعد ہاوسنگ فاؤنڈیشن نے اپنی زمین کی ملکیت جو کہ 2014 میں 3000 کنال تھی سے بڑھا کر 2015 میں 27366 کنال کر لی ہے جبکہ 17376 کنال زمین کے حصول کی درخواست ایل اے سی کے پاس پڑی ہے۔اس صورتحال کے باوجود جس طرح فاؤنڈیشن کے ممبران کی تعداد بڑھ رہی ہے تو یہ زمین بھی منصوبوں کیلئے ناکافی ہو گی۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے اپنے 128 ویں اجلاس مورخہ 11-10-2013 میں یہ منظوری دی تھی کہ ایل اے سی کے ذریعے سے زمین کے حصول کے ساتھ ساتھ پرائیویٹ سیکٹر کے ساتھ باہمی اشتراک کے تحت اپنی زمینوں کی ملکیت بڑھائی جائے۔ اس کے بعد بھی ایگزیکٹو کمیٹی نے اپنے 132 ویں اجلاس مورخہ 08-01-2015 میں یہ اصولی طور پر فیصلہ کیا کہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن، سی ڈی اے، آئی سی ٹی اور پرائیویٹ زمین کے مالکان کے ساتھ مل کر ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اپنی زمینی ملکیت کو اپنی مستقبل کی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بڑھائے۔

44. ان فیصلوں کے بعد اخبار میں مورخہ 22-03-2015 کو اظہارِ دلچسپی برائے بڑھوتی ملکیتِ زمین کا اشتہار دے دیا گیا جسمیں 12 تجویزیں موصول ہوئیں۔ ان تجاویز کا جائزہ لینے کیلئے تین سطحی کمیٹیوں کا طریقہ کار اپنایا گیا۔

45. جائزہ کمیٹی / ایویلیوایشن کمیٹی (جس کے اندر پلاننگ کمیشن اور وزارتِ قانون کے نمائندے بھی موجود تھے) نے ایک مفاہمتی یاداشت (ایم-او-یو) کی دستاویز بنائی۔ اس کے بعد اس امر کی ضرورت محسوس کی گئی کہ باہمی اشتراک سے زمین کی ملکیت کی بڑھوتی کیلئے ایک پالیسی وضع کی جائے۔ اسکے بعد مختلف متعلقہ اداروں کی سفارشات و ہدایات کی روشنی میں ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے باہمی اشتراک کے تحت زمین کی بڑھوتی کی پالیسی مرتب کی۔

46. چیف ایگزیکٹو / سیکریٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کی منظوری کے بعد یہ پالیسی وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ وورکس کی اجازت سے وزیر اعظم پاکستان کو منظوری کیلئے ایک سمری کی شکل میں بھجوائی گئی۔ اس پر وزیر اعظم نے یہ فیصلہ دیا کہ اس پالیسی کو وفاقی کابینہ کے سامنے فیصلہ کیلئے پیش کیا جائے۔

47. ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے بورڈ کو آگاہ کیا کہ اس پالیسی کے تحت مزید قواعد وضوابط طے کئے جائینگے جس کے اندر الاٹیوں سے رقم جمع کرنے اور حصہ دار کو رقم کی ادائیگی کا طریقہ کار وضع کیا جائیگا۔ اس پر ایگزیکٹو کمیٹی نے یہ ہدایات دیں کہ اس پروجیکٹ کیلئے ایک مخصوص اکاؤنٹ کھولا جائے جسکا کنٹرول ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے پاس ہو۔ اس سلسلے میں وزات قانون اور پلاننگ کمیشن کی مشاورت سے ایک مفاہمت کی یاداشت (ایم او یو) تیار کرلی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ایل ڈی اے کے لینڈ بنکنگ ماڈل کے مطابق بھی پرائیویٹ پارٹنر سے باہمی اشتراک کے معاہدے کو اپنایا جاسکتا ہے۔

فیصلہ

ایگزیکٹو کمیٹی نے پیرا 47 پر حکمت عملی ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی باہمی اشتراک کے تحت زمین کی بڑھوتی (لینڈ بینک) کی پالیسی کی توثیق / منظوری دے دی۔

ایجنڈا نمبر 9

عنوان: اثاثہ جات کی کھپت (ایسٹس یوٹیلائزیشن) کیلئے باہمی اشتراک کی پالیسی

48. ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے بورڈ کو آگاہ کیا کہ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ فاؤنڈیشن ایک غیر منافع بخش تنظیم کے طور پر اپنے تجارتی اثاثوں سے حاصل ہونے والی تمام رقم ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اپنے ممبران کو الاٹمنٹ ارزاں نرخوں پر دینے کیلئے سبسڈی کے طور پر اور مستقبل کی سکیموں کیلئے زمین خریدنے پر خرچ کرتی ہے۔

49. اس وقت ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے تجارتی پلاٹ / مراکز سیکٹر جی۔ 13، جی۔ 14، ماؤایریا جی۔ 13 /4، اسلام آباد اور کچھ اثاثے کراچی کے مونو گوٹھ اور گلزارِ ہجری میں موجود ہیں۔ علاوہ ازیں وزیر اعظم کی مختلف سکیموں کی منظوری کے بعد اور ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی کوششوں سے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی زیرِ ملکیت زمینوں کا رقبہ تقریباً 50000 کنال تک پہنچ گیا ہے ان زمینوں میں بھی تجارتی پلاٹ / مراکز موجود ہیں۔ اصولی طور پر فاؤنڈیشن اپنے ان تمام اثاثوں کو نیلام کرتی ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ فاؤنڈیشن کے پاس جمع رقم موجودہ اور مستقبل کے منصوبوں / زمینوں کی خریداری کیلئے خطرناک حد تک ناکافی ہے لہذا اس امر کی ضرورت ہے کہ اپنے موجودہ اثاثوں سے زیادہ سے زیادہ رقم حاصل کی جائے۔

50. ایگزیکٹو کمیٹی نے اپنے 132 ویں اجلاس میں یہ ہدایات دیں کہ فاؤنڈیشن اپنے ان قیمتی اثاثوں سے زیادہ سے زیادہ رقم حاصل کرنے کیلئے نیلامی کے علاوہ دوسرے طریقوں پر بھی غور کرے۔ اس فیصلے کی روشنی میں نوٹس اظہارِ دلچسپی برائے اثاثہ جات ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اخبارات اور پیرا کی ویب سائٹ پر

مشتہر کئے گئے جسمیں ملکی اور غیر ملکی کمپنیوں (جو کہ مالی اور تکنیکی طور پر مستحکم ہوں) کو دعوت دی گئی کہ وہ باہمی اشتراک کے منصوبوں کی بابت اپنی تجاویز پیش کریں۔ اس سلسلے میں 9 کمپنیوں نے اپنی دلچسپی کا اظہار کیا ہے جس کے بعد اس امر کی ضرورت سمجھی گئی کہ فاؤنڈیشن کے اثاثوں کیلئے باہمی اشتراک کے منصوبوں کے بارے میں باضابطہ پالیسی بنائی جائے۔ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے یہ پالیسی بنا کر وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ وورکس اور چیف ایگزیکٹو / سیکرٹری ہاؤسنگ وورکس کی منظوری کے بعد وزارت قانون کے ذریعے سے وزیرِ اعظم کو بھجوائی۔ جس پر وزارت قانون کی طرف سے مراسلہ میں کہا گیا ہے کہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اپنی ایگزیکٹو کمیٹی سے اس پالیسی کو باضابطہ طور پر منظور کروائے اور یہ بھی بتائے کہ اس پالیسی کی وزیر اعظم سے منظوری کیوں ضروری ہے؟

51. اثاثہ جات کے متعلق باہمی اشتراک کی پالیسی ایگزیکٹو کمیٹی کی منظوری کیلئے پیش کی جاتی ہے جو کہ مندرجہ ذیل مقاصد حاصل کرے گی۔

ا. نیلامی کے وقت اسکو گروہ بندی کو توڑنے کے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا جو کہ نیلامی کے عمل کو متاثر کر سکتی ہے۔

ب. قومی اور بین الاقوامی اداروں کو سرمایہ کاری کی طرف متوجہ کر کے اپنے اثاثوں کی قیمت بڑھوانا۔

ج. نیلامی اور باہمی اشتراک کے منصوبوں سے رقم کا تقابلی جائزہ لینا۔ تاکہ اپنے اثاثوں کی قیمت کا از سر نو جائزہ لیا جا سکے۔

د. زمین کے استعمال اور تعمیراتی پیرامیٹرز کے ذریعے سے زیادہ سے زیادہ رقم حاصل کرنا۔

52. ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے اثاثوں کے متعلق باہمی اشتراک کی پالیسی مندرجہ ذیل بنیادوں پر مشتمل ہو گی۔

ا. زمین کی قیمت ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی طرف سے رقم تصور ہو گی۔

ب. یہ قیمت اسی طرح کے پلاٹ / اثاثہ کی آخری نیلامی یا موجودہ محفوظ قیمت ان دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہو سے کسی صورت کم نہیں ہو گی۔

ج. باہمی اشتراک کے منصوبہ کا حصہ دار سب سے پہلے زمین کی قیمت فاؤنڈیشن کو مقررہ وقت کے اندر جمع کرائے گا۔ جو کہ نیلامی میں دیئے گئے وقت سے کم ہو گا۔

د. زمین کی قیمت کے علاوہ باہمی اشتراک کا حصہ دار زمین کی قیمت کا کم از کم 50 فیصد رقم بطورِ منافع دے گا۔

ر. فاؤنڈیشن کوئی مالی اور قانونی خطرہ مول نہیں لے گی کیونکہ زمین فاؤنڈیشن کے نام رہے گی اور تجارتی دکانوں اور دفاتر وغیرہ کی بکنگ سے وصول ہونے والی رقم بھی فاؤنڈیشن کے اکاؤنٹ میں جمع ہو گی۔

س. ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اس وقت تک اپنے اثاثہ پر تعمیر کی اجازت نہ دے گی جب تک اس اثاثہ کی پوری رقم ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے اکاؤنٹ میں جمع نہ کرا دی جائے۔

ص. اثاثہ کے اوپر بنی ہوئی تجارتی اکائیوں کی مزید منتقلی کی فیس بھی ہاؤسنگ فاؤنڈیشن لے گا۔

ایگزیکٹو کمیٹی نے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی باہمی اشتراک کے تحت اثاثہ جات کی کھپت (ایسٹس یوٹیلائزیشن) کی پالیسی کی توثیق / منظوری دے دی۔

ایجنڈا نمبر 10

عنوان: سیکٹر جی۔13 کے مرکز کے کمرشل ایریا میں رہائشی پلاٹوں کی غیر قانونی تخلیق

53. ڈائریکٹر (اسٹیٹ) نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے جی۔13 سیکٹر میں مالکانہ حقوق پر سرکاری ملازمین کو پلاٹ دینے کی فیز۔3 ہاؤسنگ سکیم شروع کی تھی۔ جس کے اندر تقریباً 6000 ممبران کو پلاٹ الاٹ کئے گئے۔ 2008 میں 500 گز کے بارہ رہائشی پلاٹس جی۔13/2 مرکز کے کمرشل ایریا کو کاٹ کر تخلیق کئے گئے۔ یہ پلاٹ ایگزیکٹو کمیٹی کے کچھ ممبران اور ویٹنگ لسٹ میں اہل درخواست گزاروں کو الاٹ کئے گئے۔ ان پلاٹوں کی غیر قانونی تخلیق کو وہاں کے رہائشیوں نے عدالت میں چیلنج کر دیا ۔جو کہ عدالت میں زیرِ سماعت ہے۔

54. ان بارہ پلاٹس کے حقیقی خریداروں میں سے چار نے یہ اقرار نامہ دیا ہے کہ اگر انکو مارکیٹ کے حساب سے رہائشی پلاٹوں کی قیمت ادا کر دی جائے تو وہ اپنے پلاٹوں سے دستبردار ہونے کیلئے تیار ہیں اور

دیگر الاٹیز بھی اس تجویز پر آمادہ نظر آتے ہیں۔ اس تجویز پر عمل کر کے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو اس چیز کا حق حاصل ہو جائے گا کہ وہ ان پلاٹس کی کمرشل بنیادوں پر نیلامی / استعمال کر سکے۔ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ حالیہ نیلامی میں کمرشل پلاٹ کی نیلامی 3 لاکھ پچیس ہزار روپے فی مربع گز کے حساب سے ہوئی۔ اس تجویز پر عمل کرنے سے ہاؤسنگ فاونڈیشن کو خاطر خواہ آمدنی ہو گی کیونکہ ان رہائشی پلاٹوں کو کمرشل پلاٹوں میں دوبارہ تبدیلی سے حاصل ہونے والی جگہ اپنے محل وقوع کی وجہ سے حالیہ نیلامی سے بھی زیادہ قیمت پر فروخت کرنے کا موقع میسر ہو گا۔

فیصلہ

الف۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے اوپر دیئے گئے 500 گز کے 12 رہائشی پلاٹس جو کہ کمرشل ایریا کو کاٹ کر تخلیق کئے گئے کو انکی اصل حالت میں بحال کرنے کی اجازت دے دی اور ان 12 پلاٹوں کے الاٹیوں کو رہائشی پلاٹوں کی مارکیٹ ویلیو کے حساب سے ادائیگی کی منظوری دے دی ۔

ب۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے یہ ہدایات دیں کہ ان پلاٹس کو انکی اصل حالت میں بحال کرنے کی کاروائی میں سی ڈی اے کو آگاہ کیا جائے اور باضابطہ منظوری لی جائے۔

ج. ان رہائشی پلاٹوں کی مارکیٹ ویلیو کی جانچ کیلئے مندرجہ ذیل کمیٹی تشکیل دی جائے۔

سینئر جوائنٹ سیکرٹری، وزارتِ ہاؤسنگ ورکس	کنوینر
ایف اے (ورکس)	ممبر
ڈائریکٹر (فنانس)، ہاؤسنگ فاؤنڈیشن	ممبر
ڈائریکٹر (ٹیکنیکل)، ہاؤسنگ فاؤنڈیشن	ممبر
ڈائریکٹر (اسٹیٹ)، ہاؤسنگ فاؤنڈیشن	ممبر / سیکریٹری

ایگزیکٹو کمیٹی نے ہدایت دی کہ اس کام کی تکمیل کی رپورٹ ایگزیکٹو کمیٹی کے اگلے اجلاس میں پیش کی جائے۔

ایجنڈا نمبر 11

عنوان: کراچی اپارٹمنٹ سکیم کے اپارٹمنٹس کی الاٹمنٹ کی پالیسی اور ہدایاتی کتابچہ (بروشر) کی منظوری

55. ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کیا کہ کراچی اپارٹمنٹ سکیم کے متعلق ایگزیکٹو کمیٹی کی 133 ویں میٹنگ (ایجنڈا آئٹم 21) میں تفصیلی بات چیت کی گئی تھی۔

56. یہ مطلع کیا گیا تھا کہ کل 400 میں سے یہ اضافی اپارٹمنٹس جنرل پبلک کو 2010 میں فروخت کرنے کی تجویز پیش کی گئی تھی اور اس سلسلے میں بروشر وغیرہ تیار کئے گئے تھے اور پرنٹ میڈیا وPPRA ویب سائٹ پر وسیع طور پر اشاعت کی گئی لیکن اس کا جواب بہت ہی غیر موثر رہا کیونکہ صرف چار درخواستیں داخل کی گئی تھیں جو کہ بعد ازاں واپس کر دی گئیں۔

57. یہ بھی مزید مطلع کیا گیا تھا کہ ان اپارٹمنٹس کیلئے درخواستوں کو دوبارہ کم تنخواہ پانے والے وفاقی حکومت کے ملازمین (بی پی ایس 16-1) سے مارچ 2015 میں طلب کیا گیا۔ پرنٹ میڈیا اور ARPP کی ویب سائٹ اور ایف جی ای ایچ ایف میں وسیع تر اشاعت کے باوجود 31 مارچ 2015 تک 23 درخواستیں مختلف کیٹگریز میں وصول ہوئیں۔

58. یاد رہے کہ پی ڈی، کراچی نے 133 ویں اجلاس میں بتایا تھا کہ صفورا گوٹھ کے حادثہ کی وجہ سے صوبائی حکومت نے اسکیم-33 پر دوبارہ توجہ دینا شروع کر دی اور اس کے نتیجہ میں ایف جی ای ایچ ایف اپارٹمنٹس کے سامنے 200 فٹ چوڑی کوریڈور روڈ کی دوبارہ تعمیر کی گئی ہے مزید یہ کہ ان فلیٹس کے قریب پولیس پوسٹ بھی قائم کی گئی ہے لہٰذا حالیہ ڈویلپمنٹ کی روشنی میں یہ امید کی جاتی ہے کہ ان اپارٹمنٹس کے سلسلے میں درخواستیں وصول کرنے میں اضافہ ہو گا۔

59. مزید براں 133 ویں اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ ان اپارٹمنٹس کو وسیع تر اشاعت کے بعد آخری مرتبہ سرکاری ملازمین کو پیش کیا جائے اور اس وقت تک وصول کردہ 23 درخواستوں پر فیصلہ موخر کیا جائے۔ بصورتِ دیگر خاطر خواہ ردِ عمل نہ ملنے کی صورت میں ان اپارٹمنٹس کو نیلام کیا جائے۔

60. ایگزیکٹو کمیٹی کی 133 ویں میٹنگ میں فیصلہ کی روشنی میں وفاقی حکومت سے کم تنخواہ پانے والے ملازمین (بی پی ایس 1 تا 17) ایک ڈرافٹ بروشر اور اشتہار تیار کیا گیا ہے۔ تاہم یہ بتایا جاتا ہے کہ شروع میں اپارٹمنٹس کے بروشر وفاقی حکومت کے کم تنخواہ پانے والے ملازمین (بی پی ایس 1 تا 16) کیلئے تحریر کئے گئے تھے جس کی منظوری ایگزیکٹو کمیٹی کی 89 ویں میٹنگ میں منظوری دی گئی تھی جس کا انعقاد مورخہ 2007-01-16 کو ہوا تھا۔ اس مرتبہ گریڈ 17 کے ملازمین بھی درخواست دینے کے اہل ہوں گے کیونکہ گریڈ 16 اور 17 کی ایک ہی کٹیگری ہے۔

61. بورڈ نے اس چیز کا نوٹس لیا کہ بار بار اشتہارات کے باوجود ان فلیٹس کو الاٹ نہیں کیا جاسکا۔ اس سلسلے میں آخری بار وسیع تر اشاعت دی جائے اور ہدایاتی کتابچے کو ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ پر بھی رکھا جائے تاکہ ان فلیٹس کو (بی پی ایس 1 تا 17) کے وفاقی ملازمین کو الاٹ کیا جاسکے۔

فیصلہ

ایگزیکٹو کمیٹی نے مذکورہ بالا بروشر اور اخبار کے اشتہار کے ڈرافٹ کی منظور دے دی۔ تاکہ ایک وسیع تر اشاعت کے بعد اضافی 122 اپارٹمنٹس کو (بی پی ایس 1 تا 17) کے ملازمین کو پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر الاٹ کئے جاسکیں اور یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ اچھے رد عمل کی صورت میں سابقہ 23 درخواستوں کو ترجیح دی جائے۔ بصورتِ دیگر خاطر خواہ ردِ عمل نہ ملنے کی صورت میں ان اپارٹمنٹس کو نیلام کیا جائے۔

ایجنڈا نمبر 12

عنوان: سیکٹر ایف۔12 کیلئے از سر نو ترتیب شدہ حکمتِ عملی

62. ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وزارتِ ہاوسنگ و تعمیرات کی سمری مورخہ 23-04-2005 پر وزیر اعظم پاکستان نے مندرجہ ذیل نکات کی منظوری دی۔

ا۔ سی ڈی اے 750 ایکڑ پر مشتمل ایک پورا سیکٹر جو کہ ایف۔12 ہے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو سرکاری ملازمین کو مالکانہ حقوق پر پلاٹ الاٹ کرنے کیلئے دے گا۔

ب۔ سی ڈی اے اس سیکٹر کی سڑکیں، نکاسی اور پانی کی فراہمی وغیرہ کے ڈھانچے کی تعمیر اور بحالی کا ذمہ دار ہو گا۔ کیونکہ سی ڈی اے اسلام آباد کے سیکٹروں کی تعمیر کا ذمہ دار ہے۔

ج۔ سی ڈی اے اس سیکٹر کا تمام کمرشل ایریا نیلامی کیلئے اپنے پاس رکھے گا۔

63. یہ مزید بیان کیا گیا کہ سیکٹر ایف۔12 میں رہائشی مکانات بہت تیزی سے پھیلے ہیں اور تقریباً 2 سب سیکٹر مکمل طور پر تعمیر شدہ ڈھانچوں سے بھر چکے ہے۔ اسلئے وزیر اعظم کی دی ہوئی منظوری کی روشنی میں اس سیکٹر کی تعمیر تقریباً ناممکن ہے۔ تاہم اس سکیم کو قابلِ عمل بنانے کیلئے ایگزیکٹو کمیٹی کے 134 ویں اجلاس میں یہ کیس پیش کیا گیا۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے اس بات کی ہدایت کی کہ فاؤنڈیشن کی تجاویز کی روشنی میں وزیر اعظم کی منظوری کیلئے ایک سمری بھیجی جائے۔ اس ہدایت کی روشنی میں ڈرافٹ سمری منظوری کیلئے پیش کی گئی۔

64. علاوہ ازیں اس سیکٹر کی تعمیر و ترقی کے کام کو آگے بڑھانے کیلئے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی طرف سے مندرجہ ذیل حکمتِ عملی تجویز کی گئی۔

ا۔ زمین کی ملکیت حاصل کرنے کیلئے ایل اے سی کو درخواست کی جائے کہ سیکشن ۔4 کے تحت زمین کو حاصل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کریں۔

ب۔ زمین کی قیمت اور اس کے اوپر تعمیر شدہ عمارات کی قیمت کی ادائیگی کیلئے رضامندی (کنسنٹ) ایوارڈ کے تحت ادائیگی کی جائے۔

ج۔ کیونکہ اس علاقے میں بہت زیادہ مکانات تعمیر ہو چکے ہیں جسکی قمیت کی ادائیگی کیلئے بہت زیادہ رقم درکار ہو گی۔ جو کہ اس وقت ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے پاس نہیں ہے اسلئے:۔

ا. فاؤنڈیشن کے پاس موجود رقم میں سے تمام لوگوں کو قیمت کے کچھ حصہ کی ادائیگی یکمشت کی جائے اور بقایا رقم کی ادائیگی کیلئے انکے ساتھ ایک ادائیگی کا پلان ترتیب دیا جائے۔ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اپنے کمرشل ایریا کو بیچ کر یا دوسرے وسائل سے ان کی ادائیگی کرے۔ اگر رقم کی ادائیگی میں کسی وجہ سے تاخیر ہو جائے تو اس عرصے کیلئے بقایا رقم پر متاثرین کو حکومتی ریٹ کے تحت منافع کی اضافی ادائیگی کی جائے۔ اس سلسلے میں متاثرین کے ساتھ ایک قانونی معاہدہ بھی ترتیب دیا جائے۔

یا

ب. سی ڈی اے کی زمین کے حصہ داری (لینڈ شیرنگ) فارمولے کے تحت متاثرین کے ساتھ معاملات طے کئے جائیں۔

ایگزیکٹو کمیٹی نے وزیر اعظم کو ایف۔12 کے بارے میں بھیجی جانے والی سمری کے ڈرافٹ کی منظوری دے دی اور اوپر دی گئی حکمت عملی کے مطابق ایف۔12 کے معاملات کو آگے بڑھانے کی اجازت بھی دے دی۔

ایجنڈا نمبر 13-الف

عنوان: **مس رابعہ اورنگ زیب، لینڈ ایکوزیشن کلکٹر، ضلعی انتظامیہ وفاقی دارالحکومت (آئی سی ٹی)، اسلام آباد کو پلاٹ کی الاٹمنٹ کا معاملہ**

65. ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے ایگزیکٹو کمیٹی کو یاد دلایا کہ وفاقی دارالحکومت کی انتظامیہ کی تجویز کی روشنی میں ایگزیکٹو کمیٹی نے مس رابعہ اورنگ زیب موجودہ لینڈ ایکوزیشن کلکٹر، ضلعی انتظامیہ، اسلام آباد کو اسکی اعلیٰ خدمات کے پیشِ نظر درجہ دوم کا پلاٹ نمبر 7، گلی نمبر 114، جی۔14/3 میں الاٹ کیا جو کہ وفاقی درالحکومت کی انتظامیہ کے کوٹہ ہی میں سے تھا۔

66. اس سلسلے میں بورڈ کو آگاہ کیا گیا کہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے لکھے گئے فیصلوں کی منظوری اور اجرا کے بعد ایگزیکٹو کمیٹی کے مختلف ممبران کی طرف سے اختلافی نوٹ موصول ہوئے۔ یہاں یہ امر

قابلِ ذکر ہے کہ بیشتر اختلافی نوٹ ایک ہی نوعیت کے نکات پر مشتمل تھے اور ایگزیکٹو کمیٹی کے جاری شدہ لکھے گئے فیصلوں کے اندر ان نکات کا پہلے سے ہی ذکر موجود تھا۔

67. اس سلسلے میں یہ بات قابلِ غور ہے کہ اس وقت کے طریقہ کار کے مطابق ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی ہاؤسنگ سکیم کے فیز-4(سیکٹر جی۔14/1،2،3) میں اسلام آباد ضلع انتظامیہ کے کوٹہ میں سے الاٹمنٹس چیف کمشنر صاحب کی سفارشات پر ہی کی گئیں۔ موجودہ معاملے کے اندر بھی اسلام آباد ضلعی انتظامیہ نے سفارش کی کہ موجودہ لینڈ ایکوزیشن کلکٹر کی خدمات کے اعتراف میں ان کو اسلام آباد ضلعی انتظامیہ کے کوٹہ میں سے پلاٹ الاٹ کیا جائے۔

68. مزید براں اس ضمن میں وزیر اعظم کے دفتر سے بھی ایک خط موصول ہوا جسمیں لینڈ ایکوزیشن کلکٹر کو الاٹ شدہ پلاٹ کے بارے میں رپورٹ مانگی گئی ہے اور شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم آفس کو آگاہ کیا گیا کہ یہ پلاٹ اسلام آباد ضلعی انتظامیہ کے کوٹہ سے ہی تھا جو کہ کسی بھی وجہ سے منسوخی پر اسلام آباد انتظامیہ کے ہی کسی ملازم کو الاٹ کیا جانا تھا۔

69. ایگزیکٹو کمیٹی نے اس سلسلے میں ہاؤسنگ فاؤنڈیشن سے معلوم کیا کہ منسٹری آف لاء سے پروفیشنل کوٹہ کے متعلق انکوائری کی حتمی سفارشات موصول ہو گئی ہیں؟ اس سلسلے میں بورڈ کو آگاہ کیا گیا کہ منسٹری آف لاء کی حتمی رپورٹ منسٹری آف ہاوسنگ اینڈ ورکس کو موصول ہو گئی ہے جسکے تحت پروفیشنل کوٹے کو درست قرار دیا گیا ہے علاوہ ازیں ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے ایک خط کے جواب میں وزارتِ قانون نے ایڈوائس دی ہے کہ یہ کوٹے Abolition of Discriminatory Quota in Government Housing Schemes Act-2013 سے متاثر نہیں ہوتے۔

70. بورڈ نے یہ نقطہ بھی اٹھایا کہ یہ پلاٹ منسوخی کی صورت میں کس کوٹے میں جائے گا۔ جس پر بورڈ کو آگاہ کیا گیا کہ یہ پلاٹ آئی سی ٹی کوٹے کو جائے گا۔

71. ایگزیکٹو کمیٹی / بورڈ آف ڈائریکٹرز کے کچھ ممبران نے پھر سے اصرار کیا کہ وزیر اعظم آفس کے تحفظات کی روشنی میں بورڈ حتمی فیصلے سے گریز کرے اور اس ضمن میں وزیر اعظم آفس سے بھی رہنمائی حاصل کی جائے۔

72. اس تمام صورتحال اور قانونی پوزیشن کو دیکھتے ہوئے ایگزیکٹو کمیٹی نے ہدایت دی کہ اس کیس کی رہنمائی کیلئے حتمی فیصلے سے پہلے پرائم منسٹر آفس سے رجوع کیا جائے۔

فیصلہ

ایگزیکٹو کمیٹی نے اوپر دی گئی صورتحال کی روشنی میں حتمی فیصلہ کرنے سے پہلے پرائم منسٹر آفس سے رجوع کرنے کی ہدایت دی اور مزید کہا کہ اس سارے عمل کے بعد کیس ہذا دوبارہ اس کمیٹی میں لایا جائے تب تک اس الاٹمنٹ کو موطل کیا جائے۔

ایجنڈا نمبر 13-ب

عنوان: ڈاکٹر معین مسعود، ایس پی، اسلام آباد کے پلاٹ کا کیس

73. ڈائریکٹر (اسٹیٹ) نے ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کیا کہ جناب معین مسعود، سابقہ ایڈیشنل ایس-پی نے درخواست دی ہے کہ انکو فیز-4 (جی-14) میں آئی سی ٹی کوٹہ سے چیف کمشنر آف اسلام آباد کی سفارشات پر ابتدائی طور پر کیٹگری-4 کا ایک پلاٹ الاٹ ہوا۔ فیز-4 کی اہلیت کے قواعد وضوابط کے تحت 2003-11-15 کو وہ سکیل 17 کے ملازم تھے۔ لیکن انکو کیٹگری-4 کا پلاٹ الاٹ ہو گیا۔

74. بعد ازاں انکی درخواست پر انکے سکیل کے مطابق کیٹگری-4 کا پلاٹ نمبر 10، گلی نمبر 57، سیکٹر جی-14/1 میں کمپیوٹرائزڈ بیلٹنگ کے ذریعے الاٹ ہوا جسکے واجبات جمع کرا دیے گئے۔

75. بعد ازاں انہوں نے یہ کیس اٹھایا کہ چونکہ پلاٹ کی الاٹمنٹ کے وقت وہ سکیل-18 کے ملازم تھے۔ اسلئے انکو کیٹگری-2 کا پلاٹ الاٹ کیا جائے۔ انکا یہ کیس ایگزیکٹو کمیٹی کے 110 ویں اجلاس میں پیش کیا جس نے یہ معاملہ اپنی سب کمیٹی کو بھیج دیا۔ سب کمیٹی نے یہ سفارشات دیں کہ سکیم کی اعلان والے دن یعنی مورخہ 2003-11-15 کو جس الاٹی کا جو بھی سکیل تھا اسکے مطابق انکو الاٹمنٹ کی جائے گی لہذا انکے پلاٹ کی اپ گریڈیشن الاٹمنٹ کے وقت کے سکیل کے مطابق نہیں کی جا سکتی۔ اسکے بعد ڈاکٹر معین مسعود کی درخواست پر انکا پلاٹ اسی سیکٹر میں تبدیل کر دیا گیا اور انکو پلاٹ نمبر 10، گلی نمبر 57، سیکٹر جی-14/1 کی بجائے ان کو نیا تخلیق شدہ پلاٹ نمبر 1-اے، گلی نمبر 114، سیکٹر جی-14/3 میں الاٹ کر دیا گیا۔

76. اس سلسلے میں بورڈ کو آگاہ کیا گیا کہ یہ پلاٹ غیر قانونی طریقے سے بنائے گئے تھے۔ جو کہ زمین پر موجود نہ تھے۔ ان پلاٹوں کا ریفرینس / مقدمہ نیب میں زیر سماعت ہے۔ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے سیکٹر ایف -14 اور سیکٹر ایف -15 وزیر اعظم سے حاصل کرتے ہوئے یہ بیان کیا تھا کہ اس سیکٹر میں ان لوگوں کو بھی پلاٹ دیے جائیں جن کے ساتھ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی طرف سے ان کا صحیح حق ہوتے ہوئے بھی ان کے ساتھ زیادتی کی گئی تھی۔ ان کو اس سیکٹر میں پلاٹ دے دیے جائیں گے۔

فیصلہ

الف. ایگزیکٹو کمیٹی نے ڈاکٹر معین مسعود کا نام سیکٹر ایف -14 میں پلاٹ الاٹ کرنے کیلیے مرتب کی گئی لسٹ میں شامل کرنے کی اجازت دے دی۔

ب. ایگزیکٹو کمیٹی نے اس کے علاوہ اسی طریقہ کار کے تحت وہ تمام حقیقی متاثرین جن کو غیر حقیقی پلاٹ جو کہ زمین پر موجود ہی نہ تھے الاٹ کئے گئے، ان کے نام بھی سیکٹر ایف -14 میں پلاٹ الاٹ کرنے کیلیے مرتب کی گئی لسٹ میں شامل کرنے کی اجازت دے دی۔

ایجنڈا نمبر 13-پ

عنوان: جناب سعید اختر صاحب کے پلاٹ کی منسوخی کا معاملہ

77. ڈائریکٹر (اسٹیٹ) نے ایگزیکٹو کمیٹی کو آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ

ا. فیز۔3 کی ہاؤسنگ سکیم کے قواعد وضوابط کے تحت ان درخواست دہندگان کو ترجیح دی گئی جن کو یا جن کے بچوں کو یا اسکے خاندان کے کسی دوسرے فرد کے نام 01-04-1996 کو اسلام آباد کے اندر سی ڈی اے، فاؤنڈیشن یا ڈی ایچ اے کی طرف سے کوئی گھر یا پلاٹ الاٹ نہ کیا گیا ہو۔ دوسری ترجیح ان ممبران کو دی گئی جن کے پاس اسلام آباد کے اندر کوئی گھر تو تھا مگر ان کو سی ڈی اے، فاؤنڈیشن، ڈی ایچ اے یا کسی اور سرکاری ادارے کی طرف سے پلاٹ الاٹ نہ کیا گیا ہو۔

ب. جناب محمد سعید اختر صاحب جو کہ کامرس اینڈ ٹریڈ گروپ کے گریڈ 21 کے افسر تھے انکو سیکٹر جی۔13 میں کیٹگری۔1 کا پلاٹ نمبر 19، سٹریٹ نمبر 39، سیکٹر جی۔13/2 میں عمر کے حساب سے سینیارٹی پر اپریل 2002 میں الاٹ کیا گیا۔

ج. مورخہ 20-05-2010 کو ماجد علی نامی ایک شخص نے جناب محمد سعید اختر کے خلاف شکایت کر دی کہ وہ فاؤنڈیشن کے پلاٹ کی الاٹمنٹ سے پہلے ہی مکان نمبر 31، سٹریٹ نمبر 37، سیکٹر ایف۔7/1، اسلام آباد کے مالک ہیں اس لئے قواعد وضوابط کے تحت وہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے جی۔13 کے پلاٹ کی الاٹمنٹ کے اہل نہ تھے۔ اس سلسلے میں کیس سی ڈی اے کو بھجوایا گیا جنہوں نے 01-08-2010 کو یہ بتایا کہ محمد سعید اختر صاحب

مکان نمبر 31، گلی نمبر 37، سیکٹر ایف۔7/1 کے آنسہ آمنہ سعید، آنسہ کلثوم سعید اور جناب زین رشید سعید کے ساتھ مشترکہ مالک ہے۔ یہ تمام جائیداد وارثت کے ذریعے خاندان کے ان افراد کو منتقل ہوئی۔

د. سی ڈی اے کے اس تصدیقی خط کے بعد اس وقت کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر (اسٹیٹ) نے 2012-08-10 کو جناب محمد سعید اختر صاحب کا پلاٹ نمبر 19، گلی نمبر 48، سیکٹر جی۔13/2 مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بغیر منسوخ کر دیا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ الاٹی کو اس سلسلے میں فاؤنڈیشن کی طرف سے منسوخی کے اظہارِ وجوہ کا نوٹس جاری نہ کیا گیا اور یہ منسوخی یکطرفہ تھی کیونکہ اس دوران کیس سول عدالت میں زیرِ سماعت تھا۔

78. اس منسوخی کے بعد الاٹی نے مختلف فورم پے احتجاج کیا ہے انکی شکایت پر یہ کیس پہلے ہی ایف، آئی، اے کو تفتیش کیلئے بھیج دیا گیا ہے۔ یہ عمل بھی قابلِ ذکر ہے کہ اس سکیم کا بروشر اجتماعی جائیداد کے بارے میں خاموش ہے۔ اس سلسلے میں ایگزیکٹو کمیٹی نے کچھ کیسز میں درخواست دہندگان کو ریلیف بھی دیا ہے۔

79. ڈائیریکٹر جنرل ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے بورڈ کو آگاہ کیا کہ اس کیس کا ریفرینس ایف آئی اے کو انکوائری کے لیے بھیج دیا گیا ہے اس کے علاوہ اس کے اندر ملوث ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی شروع کر دی گئی ہے۔

فیصلہ

ایگزیکٹو کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ جناب سعید اختر صاحب کا نام